www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com ● saharaexpresspatna1@gmail.com

Urdu Daily Published From
Patna, Ranchi & Delhi

روزنامہ
پٹنہ
سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,PATNA

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:15 Issue:169 26.06.2025 THURSDAY Re.01 Page:08 جلد نمبر:15 شمارہ:۱۶۹/جمعرات/۲۶/جون/۲۰۲۵/مطابق/۲۹/ذی الحجہ/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08



आपकी सफलता..... हमारी पहचान.......

**Fail** (or Low Marks Student) (कमजोर विद्यार्थी)

**Pass** (From BBOSE) (Distance Education Policy)

मैट्रिक | इंटर | ग्रेजुएशन

**Patna Institute**
The Admission Provider

8102597979

opp pillar no 50 beside popular nursing home
Ashok rajpath patna.4

काफ़ी सालो से आपकी खिदमत में लखनऊ की सबसे बेहतर सेवा देने वाली ट्रैवल कंपनी अब आपके शहर पटना में

Riyaz Tour & Travels | RIYAZ GROUP.COM RG — A Signature of Excellence

जुलाई 2025 में नए सीजन की शुरुआत और भी नयी और बेहतर सहूलियतों के साथ

| | | |
|---|---|---|
| 05 JUL 25 - 21 JUL 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |
| 13 JUL 25 - 30 JUL 25 | RS. 90000 | 18 DAYS |
| 23 JUL 25 - 08 AUG 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |

उमराह पैकेज के साथ मिलने वाली सहूलियात ::

INCLUSIONS: VISA, INSURANCE, HOTEL, BUFFET MEALS, TRANSFERS, Wi-Fi, COMPLETE ZIYARAT, LAUNDRY SERVICE, Zam-Zam

दिल्ली से डायरेक्ट फ्लाइट

DOCUMENTS REQUIRED FOR UMRAH
VALID PASSPORT
PAN CARD
2 PHOTOGRAPHS
WITH WHITE BACKGROUND

FOR PATNA TO PATNA FACILITY, YOU WILL HAVE TO PAY EXTRA CHARGES

MOHD. SADIQUE +91-7388963339 | MD SHARIQUE +91-8235342497 | RIYAZ AHMAD +91-9935570058

ADD.: Shop No. 5, Ground Floor, Ayesha Complex, West of Training School (SCERT Bihar), Mahendru, Patna - 800006 (Bihar)
HEAD OFF.: FF 3-4, GALAXY BUILDING, HARDOI ROAD, THAKURGANJ, LKO - 226003

**HANZALA TOUR & TRAVEL PVT. LTD.**
حنظلہ ٹور اینڈ ٹریول پرائیویٹ لیمیٹڈ
H.O. : 9/A, Lower Ground Floor, Fazal Imam Complex, Fraser Road, Patna 1
Toll Free : 1800-1211-786 Mob. : 9576786786
Email : hanzalaheadoffice@gmail.com | Website : www.hanzalatt.com.in
A Complete HAJJ UMRAH & ZEYARAT Package Solution

ECONOMY: July, Aug, Sep, Oct, Nov 2025 — 40 Times Prayers in Madinah — PATNA TO PATNA + ₹ 12,000/- — ₹ 78,786/- DELHI TO DELHI — Makkh Hotel: Safwa Tower or Similar (900 Mts) — Madina Hotel: Raghada Madina 1 or Similar (400 Mts) — INDIGO (Via Flight)(

PREMIUM: July, Aug, Sep, Oct, Nov 2025 — 40 Times Prayers in Madinah — PATNA TO PATNA + ₹ 12,000/- — ₹ 99,786/- DELHI TO DELHI — Makkh Hotel: Rehab al Taqwa or Similar (350 Mts) — Madina Hotel: Guest Time or Similar (50 Mts) — SAUDI AIRLINES (Direct Flight)

IRAQ BOOKING OCTOBER 2025 GOING ON
9507577786, 9507877786, 9507777786

| DARBHANGA | NAWADA | KISHANGUNJ | JAMUI | SAHARSA | SIWAN | SILAO,NALANDA |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 7903917763 | 8700152814 | 8809175786 | 9507052786 | 9471256814 | 9973250972 | 9570625268 |
| EKRAM SAHAB | ARSHI SB | SYED AHMED KABIR | AFTAB MALLICK | RAHMAT HUSSAIN | PURNAM SIWANI | FAIZAN ALAM |
| **ARARIA** | **BIHAR SHARIF** | **MOTIHARI** | **HARCHANDA** | **MUZAFFARPUR** | **SIMRI BAKHTIYARPUR** | **GOPAL GANJ** |
| 9852382797 | 9798606457 | 9576078605 | 9576078610 | 7031111984 | 7033041817 | 8294797194 |
| QARI NEYAZ | AFAQUE AHMAD | SHAHNAWAZ SB | HAJI NURUL HUSSAIN | HAKIM ANSARI | QARI NAZIR SB | KHURSHID SB |

**ZAM ZAM** زمزم
حج عمرہ ٹور اینڈ ٹریول
Hajj Umrah Tour & Travel
Main Khagaul Road, Opp Central Bank of India, Minhaj Nagar, Phulwari Sharif, Patna- 801505

| 20 Jul 25 to 04 Aug 25 | 02 Sep 25 to 18 Sep 25 | 22 Oct 25 to 05 Nov 25 |
|---|---|---|
| DELHI to DELHI | DELHI to DELHI | DELHI to DELHI |
| 90,000/- | 90,000/- | 90,000/- |

PATNA to PATNA ₹1,10,000/-
SAUDI AIRLINES/AIR INDIA
Hotel in Makkah: Dar Al-Khalil Rushad Hotel or Similar Tara Ajiyad Hotel
Package Includes
Hotel in Madina: Guest Time & Riyadh Al Zahra Hotel or Similar
Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance
9334735020, 9334369891, 9308841431, 9572959246

CONTACT PERSON OTHER DISTRICT

| NEW DELHI | ASANSOL (W.B) | RAJA BAZAR PATNA | BUXAR | CHAPRA | SIWAN | MUZAFFARPUR | DARBHANGA | BIHAR SARIF | ALAMGANJ PATNA |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Gulam Rasul 9015524877 | Mufti Sohail Ansari 8868894411 | Sajjad Khan 930816263 | Md. Afzal Ansari 9110991456 | Md. Sabir 9308841431 | Ahmad Reza 9308170977 | Md. Rizwan 7004957236 9199684786 | Raja Ansari 8877690469 | Md. Chand 8210695856 | Md. Rizwan 8292847945 Md. Ashraf- [illegible] |

**NAFISA HAJJ & UMRAH TRAVELS**

UMRAH 2025 — From July 1st week For 15 Days — SUPER SAVER 70,500 — Flight from Delhi to Delhi — Bus Service at Makkah

ECONOMY UMRAH PACKAGES
From July 1st week For 15 Days 80,500 — Flight from Patna to Patna
From July 1st week For 15 Days 90,500 — Flight from Darbhanga to Darbhanga

Package Inclusions: Air Ticket, Visa, Hotel, Insurance, Food, Transport, Ziyarat, Zamzam
For Enquiry Contact: 9835686530, 9667048262 Darbhanga; 7763987517, 9470035621 Kishanganj
H.O. BAZAR SAMITI, SHIVDHARA, DARBHANGA

Documents Required
Passport (6 months valid from departure)
2 Passport Size Photo
Pan Cards
Residence:
Hotel at Makkah: Within 1.5 km
Hotel at Madina: Within 700 m

UMRAH 2025 — From July 1st week For 15 Days — DELUXE 95,500 — Flight from Delhi to Delhi — Hotel at Makkah: Within 300 m — Hotel at Madina: Within 200 m

# مسلک اعلیٰ حضرت کے ایک وفادار خادم

# حضرت قاری ظفیر الدین رضوی سہسرامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مفتی محمد ملک الظفر سہسرامی
سرپرست دارُالعلوم خیریہ نظامیہ، سہسرام

صوبۂ بہار کا تاریخی شہر سہسرام اپنی تہذیب، ثقافت اور مذہبی ورثے کے اعتبار سے ایک منفرد شناخت اور پہچان رکھتا ہے۔ یہ شہر ہر دور میں اپنی انفرادیت، پاکیزہ روایات، اور دینی و مذہبی خدمات کے سبب نمایاں اور امتیازی شان کا حامل رہا ہے۔ مذہب و مسلک کے حوالے سے یہاں کے مسلمانوں کی تاریخ ہمیشہ صاف ستھری اور مثالی رہی ہے۔ بدعقیدہ جماعتوں کے اثرات اس شہر کے قدیم پاکیزہ ماحول کو آلودہ کرنے میں ناکام رہے، اور یہی وہ فضیلت ہے جو سہسرام کے مذہبی کردار کو دیگر علاقوں سے ممتاز کرتی ہے۔ یہ وہی سرزمین ہے جہاں کے مسلمانوں کا مزاج دین سے محبت، تقویٰ و پرہیزگاری محبت رسول ﷺ، اور اتحاد کی بنیاد پہ پروان چڑھتا رہا ہے۔ یہاں کے مسلمانوں کے خمیر میں عشق رسول ﷺ کے عناصر پائے جاتے ہیں جہاں ہر خوشی وغم کے موقع پہ محفل میلاد النبی ﷺ کا اہتمام عام ہے۔

حضرت قاری ظفیر الدین کا بچپن سہسرام کی اسی پاکیزہ مذہبی فضا میں گذرا۔ وہ بچپن ہی سے نیک صفات، شرم وحیاء اور تقویٰ و پرہیزگاری کے پیکر تھے۔ ان کی شخصیت میں دین کا رنگ یوں گھلا ہوا تھا کہ ہر کوئی دیکھتے ہی پہچان لیتا کہ یہ بچہ اپنے زمانے میں دین کی شمع روشن کرے گا۔ مدرسہ کے صحن میں جب وہ اپنے ہم درسوں کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرتے تو علاقے کے بزرگ رک کر ان کی قرأت سنتے اور دعائیں دیتے آواز میں وقار و تمکنت اور سحر آفرینی تو غضب کی تھی۔

حضرت قاری ظفیر الدین رضوی رحمۃ اللہ علیہ کا نام اور کام بہت نمایاں ہے۔ آپ کی زندگی، تعلیم، اور مسلکی خدمات سہسرام کے دینی و علمی ورثے کا ایک روشن باب ہیں۔ اپنے آبائی علاقے سہسرام میں حفظِ قرآن کی تعلیم حاصل کی بعد ازاں تجوید و قرأت کی تعلیم کے لیے آپ نے الہ آباد اور لکھنؤ جیسے اہم علمی مراکز کا رُخ کیا، جہاں اپ نے جید علما کرام سے استفادہ کیا اور اپنی علمی صلاحیتوں کو مزید جلا بخشی۔ انہوں نے دینیات کی تعلیم تو کسی ادارے میں باقاعدہ نصاب تعلیم کے تحت حاصل نہ کی لیکن علمی ذوق بیدار تھا باصلاحیت اور ذی استعداد علمائے کرام کے صحبت یافتہ تھے صرف حفظ و قرأت کی تعلیم سے سرفراز ہوئے لیکن مبدأ فیاض سے انہیں علم کی وہ دولت گراں مایہ عطا ہوئی کہ ان سے گفتگو کرنے کے بعد کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ انہوں نے باقاعدہ کسی دینی درسگاہ میں بیٹھ کر علم دین حاصل نہیں کیا ہے۔ کلیان میں وہاں علمائے کرام و مفتیان عظام کے درمیان آپ کی شخصیت کو قبول عام حاصل تھا سبھی آپ کے قدردان و مدح سرا تھے آپ کی تعظیم و توقیر میں ہر خاص و عام کا دل جھکا رہتا تھا۔

گفتگو میں عالمانہ رکھ رکھاو وضع قطع انداز و اطوار بے پناہ عالمانہ فاضلانہ مجلسی گفتگو اس انداز میں کہ بس وہ بولتے رہیں ہم سنتے رہیں۔

اس سرزمین نے ایک سے ایک جید اور باصلاحیت افراد کو اپنے ماحول کی تمام پاکیزگی کے ساتھ پروان چڑھایا انہی پاکیزہ افراد کی مبارک و مسعود فہرست کا ایک نہایت معتبر و معتمد نام حضرت قاری ظفیر الدین رضوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بھی ہے جنہوں نے نہ صرف اپنے علاقے بلکہ دور دراز شہروں تک مسلک اعلیٰ حضرت کی روشنی پھیلائی۔

جوانی کی دہلیز پہ قدم رکھتے ہی قاری صاحب نے دینی مذہبی خدمات کو اپنا مقصد حیات بنالیا۔ وہ کسی بھی مشکل کو خاطر میں نہ لاتے اور ہمیشہ یہی کہتے: ”مسلکِ اعلیٰ حضرت یعنی مسلک اہل سنت و جماعت کا دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے، اور ہم اس راہ میں ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔“

کلیان شہر کو انہوں نے اپنی خدمات کے لئے منتخب فرمایا قاری صاحب نے وہاں حق وصداقت کی روشنی نہ صرف پھیلائی بلکہ اپنے بے باک انداز سے لوگوں کو دین اسلام کی صحیح روح سے روشناس کرایا۔ ان کی مجلسی گفتگو سننے کے لیے دور دراز سے لوگ آتے، اور ان کی باتوں میں ایک عجیب روحانی کشش محسوس کرتے۔

حضرت قاری ظفیر الدین رضوی رحمۃ اللہ علیہ کو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی کے فرزند ارجمند، حضرت مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مصطفیٰ رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے شرف بیعت حاصل تھا۔ یہ تعلق آپ کی شخصیت کی تعمیر و تحسین میں نہایت اہم ثابت ہوا اور آپ کے دل میں مسلکِ اعلیٰ حضرت سے محبت کے پاکیزہ جذبے میں مزید شدت پیدا ہوگئی اور اُس کے دفاع کے لیے غیر متزلزل جذبہ پیدا ہوا۔

آپ کے مزاج میں مسلکی تصلب نمایاں تھا، جو حق و باطل کے درمیان واضح فرق کو اجاگر کرتا تھا۔ آپ نے صلح کلیت کے نظریے کی سختی سے مخالفت کی اور ہمیشہ حق کے لیے ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا۔ آپ کے بیانات اصلاحی گفتگو عملی زندگی میں یہ اصولی موقف ہمیشہ جھلکتا رہا۔

مسلک کی اسی شدت مزاجی کی بنیاد پہ حضرت علامہ محمد میاں کامل سہسرامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے رفقائے سہسرام میں حضرت قاری ظفیر الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا نام بے پناہ نمایاں ہے چنانچہ 1970ء کے زیارت حرمین شریفین کے مقدس سفر میں بھی آپ ان کے ہمراہ اور ہم سفر رہے اس سفر کے تعلق سے حضرت قاری ظفیر الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جو مختصر روداد سفر بیان فرمائی ہے وہ بھی باذوق قارئین کے پاکیزہ ذوق کی نذر ہے۔

عشق کا قافلہ:

رات کے آخری پہر کا سکون پورے قافلے پہ طاری تھا۔ ستارے اپنی جگمگاہٹ سے آسمان کو روشن کیے ہوئے تھے۔ سال 1970ء کا وہ وقت، جب سہسرام سے دس افراد کا یہ قافلہ حج کے مقدس سفر کے لیے روانہ ہوا تھا، ہر دل میں شوق اور آنکھوں میں خواب تھے۔ یہ کوئی عام قافلہ نہ تھا، بلکہ نہایت نیک دل، پاکیزہ اور دین دار افراد کا ایک منتخب گروہ تھا۔

حج کے تمام مناسک ادا کرنے کے بعد قافلہ مکہ مکرمہ میں ٹھہرا۔ حج کا وہ زمانہ مختلف تھا، جب مدینہ منورہ کی زیارت کے لیے جانے والے حجاج کرام کو مدینہ منورہ کی زیارت سے شادکام ہو کر مکہ مکرمہ واپس آنے کے بعد دوبارہ مدینہ منورہ جانے کی اجازت نہیں تھی۔ قافلے کے دل نبی کریم ﷺ کے روضۂ اقدس کی زیارت کی تازگی سے بھرپور تھے، مگر ایک دل ایسا تھا جو کچھ زیادہ ہی مضطرب اور بے چین تھا۔

عشق کی سرگوشی:

قافلے میں شامل وہی بزرگ، جن کے دل میں عشق رسول ﷺ کا دریا اپنی پوری شدت کے ساتھ موجزن تھا، بار بار ایک ہی بات کہتے: ”دل کہتا ہے، پھر مدینہ شریف کی حاضری ہو۔“

لوگوں نے انہیں سمجھانے کی کوششیں کیں سمجھایا ”اب دوبارہ جانا ممکن نہیں، اجازت نہیں ملے گی۔ سفر میں مشکلات بھی پیش آئیں گی ہم بیرون ملک کے ایک غیر مانوس مسافر ہیں۔“

مگر عشق قانون اور دستور کی پیچیدگیوں میں اُلجھنا کب قبول کرتا ہے یہ تمام عواقب و نتائج سے بے خبر ہو کر بے خطر آگ کے دریا میں کود جانے کا فیصلہ کرلیتا ہے وہ تو اپنی دلیلیں خود فراہم کرتا ہے۔ ان کی بے قراری کوئی بات تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں تھی بس ایک جملہ ورد زبان تھا۔ مدینہ مدینہ

آخری وقت میں کیا رونق دنیا دیکھوں
اب تو بس ایک ہی دھن ہے کہ مدینہ دیکھوں

جنون کا سفر:

انہوں نے ایک ٹیکسی ہائر کی اور چند قریبی ساتھیوں کے ساتھ مدینہ شریف کی طرف روانہ ہوگئے۔ راستے میں، ایک پہاڑی گذرگاہ کے قریب، پولیس کی چیک پوسٹ پہ گاڑی روک دی گئی۔ ڈرائیور اور ساتھیوں کے چہروں پہ خوف کے سائے تھے۔ مگر عشق جنوں خیز کے اس مسافر کے چہرے پہ حد درجہ سکون وطمانیت کی روشنی بکھری ہوئی نظر آرہی تھی۔

پولیس اہلکاروں نے سختی سے پوچھ گچھ کی۔ بزرگ نے خاموشی سے شیشہ نیچے کیا اور ان کی طرف ایک نظر ڈالی۔ ان کی آنکھوں سے ایک پیغام جاری ہوا، ایک غیر مرئی محبت کا پیغام۔ حیرت انگیز طور پہ، اہلکاروں نے کسی سوال کے بغیر گاڑی رخصت کی اور جانے کی اجازت دے دی۔ قافلے کے ساتھی حیران رہ گئے۔

مدینہ کی سرزمین:

جب وہ مدینہ شریف پہنچے اور شہر کے اندر داخل ہوئے تو ان کی روح کو ایک انوکھا سکون محسوس ہوا۔ روضۂ رسول ﷺ کی زیارت کا لمحہ ایک خواب کی مانند تھا، جو حقیقت بن چکا تھا۔ ان بزرگ نے اشکبار آنکھوں کے ساتھ حضور ﷺ کے قدموں میں دعائیں کیں اور عرض کیا:

”یارسول اللہ ﷺ، آپ کے عشق نے یہ راستے کھولے ہیں، اور آپ ہی کی محبت نے ہمیں یہاں تک پہنچایا ہے۔“

عشق جنوں خیز کی پیچیدہ راہ کے اس مسافر کا دل عشق جنوں خیز کے تلاطم میں موجزن تھا۔ اس کی زندگی کا ہر لمحہ حضور نبی کریم ﷺ کے عشق میں ڈوبا ہوا تھا۔ یہ عشق اس کی روح کا محور اور اس کی زندگی کی معراج تھا۔ مدینہ منورہ کی زیارت کا خواب برسوں سے اس کے دل میں روشن چراغ کی طرح جل رہا تھا۔ وہ دن جب مدینہ کی مقدس سرزمین پہ قدم رکھنے کا وقت آیا، اس کے دل کی دھڑکنیں ایک نئی شدت سے تیز ہوگئیں۔

رات کی تاریکی میں جب قافلہ مدینہ کی جانب رواں دواں تھا، چاند کی روشنی نے زمین پہ ایک خوابیدہ سا منظر پیش کیا۔ مدینہ کی فضائیں قریب آرہی تھیں۔ ہر لمحہ اس کے دل پہ ایک نئی کیفیت طاری کر رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو اور دل میں شکر کے جذبات کا طوفان برپا تھا۔

راستے میں اس کے دل کی کیفیت اشعار کی صورت میں ظاہر ہوئی۔ وہ نعت شریف جو اس نے گنگنائی، اس کی روح کی گہرائیوں سے پھوٹتی ہوئی صداقت اور محبت کا آئینہ تھی۔ اس کے لبوں پہ اشعار جاری تھے:

نور جمال گنبد خضریٰ نظر میں ہے
یعنی فراز عرش معلیٰ نظر میں

یہ اور باقی اشعار اس کی روح کی پکار تھے، جو ہر سننے والے کو اپنے سحر میں جکڑ لیتے تھے۔ قافلے کے دوسرے لوگ بھی اس کے اشعار سن کر محو ہوگئے۔ ہر شخص کی آنکھیں آنسوؤں سے لبریز تھیں اور دل حضور کے عشق سے سرشار ہو رہے تھے۔

جب قافلہ مدینہ منورہ پہنچا، تو عشق کے اس دیوانے کے جذبات عروج پہ تھے۔ اس نے روضۂ رسول ﷺ کے سامنے کھڑے ہو کر وہی نعت شریف پڑھی۔ اس کی آواز میں عشق کی حدت، روح کی گہرائی اور دل کی وارفتگی شامل تھی۔ ہر لفظ محبت اور احترام کی چاشنی میں ڈوبا ہوا تھا۔ وہ کہتا رہا:

خوف گنہ کی تیرہ شبی ختم ہوگئی
اپنی شفاعتوں کا سویرا نظر میں ہے

روضۂ رسول ﷺ کے سامنے اس کے لبوں سے ادا ہونے والے الفاظ گویا دل کی ہر خواہش کی ترجمانی کر رہے تھے۔ جب اس نے کہا:

میں عرض مدعا مرے سرکار کیا کروں
پڑھ لیجئے ہر ایک تمنا نظر میں ہے

تو ایسا لگا کہ اس کے عشق کی انتہا ہوگئی ہے۔ وہاں موجود ہر شخص نے اپنی آنکھوں میں عشق کے آنسو لیے اس کے ساتھ نعت کے اشعار دہرائے۔

مدینہ منورہ کی فضائیں ان اشعار کی خوشبو سے مہک گئیں۔ اس دن لوگوں نے اس مسافر کے عشق کی گہرائی کو محسوس کیا۔ وہ محض ایک عاشق نہیں تھا، بلکہ عشق رسول کی جیتی جاگتی تصویر تھا اس کا مکمل سراپا محبت رسول اللہ ﷺ کے خمیر میں گندھا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔ اس کے نعتیہ اشعار نے عشق کی وارفتگی کو لفظوں کا لباس پہنایا اور دنیا کو بتادیا کہ عشق جب دل میں بسا ہو تو اس کی قوت الفاظ کے حدود سے ماورا ہوجاتی ہے۔

یہ داستان اس بات کا درس دیتی ہے کہ عشق رسول ﷺ کی قوت انسان کی روح کو پاکیزہ بناتی ہے اور اسے ایک اعلیٰ مقصد سے جوڑ دیتی ہے۔ مدینہ کے اس مسافر کا عشق ایک مثال بن کر ہمیشہ زندہ رہے گا۔

یہ سفر نہ صرف عشق وجنون کی ایک داستان بن گیا، بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایمان اور عشق رسول ﷺ کا ایک درس بھی چھوڑ گیا۔ واپسی پہ، قافلے کے باقی افراد نے جب یہ واقعہ سنا تو ان کی آنکھیں بھی نم ہوگئیں۔ یہ واقعہ اس بات کا ثبوت بن گیا کہ عشق، صدق دلی، نیک نیتی اور خلوص کے سامنے دنیاوی رکاوٹیں بے معنی ہوجاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہر ناممکن کو ممکن بنایا جاسکتا ہے۔

یہ سفر نہ صرف عشق وجنون کی ایک داستان بن گیا، بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایمان اور عشق رسول ﷺ کا ایک درس بھی چھوڑ گیا۔ ایسے لوگ زمین پہ نایاب ہوتے ہیں جو اپنی زندگی کو عشق کے سانچے میں ڈھال کر دوسروں کے لیے روشنی کا مینار بن جائیں۔

غار حرا شریف کی مقدس زیارت پہ روشنی ڈالتے ہوئے جو مضمون حضرت قاری ظفیر الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بیان فرمایا وہ مفہوم راقم الحروف کے الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں۔

غار حرا کی زیارت:

حج کے مبارک سفر کی روانی، مکہ مکرمہ کی مقدس فضاؤں میں گھلتی جارہی تھی۔ لاکھوں عاشقانِ حق کی طرح، ایک قافلہ ہندستان سے بھی اس سفر میں شامل تھا۔ اس قافلے کی قیادت فرمارہے تھے عالمِ اسلام کے جلیل القدر فقیہ، حضرت علامہ مصطفیٰ رضا خان، المعروف سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ۔ ان کے ہمراہ کئی دیگر ممتاز علماء اور زائرین بھی موجود تھے، جن میں حضرت علامہ کامل سہسرامی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت نمایاں شخصیت تھے گو کہ حضرت علامہ کامل سہسرامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس سفر میں ہندستان سے سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ساتھ نہیں تھے حجاز مقدس کی سرزمین پہ ان کی پاکیزہ رفاقت وصحبت حاصل ہوئی۔

دن کی حرارت میں کمی اور شام کی ٹھنڈک کا امتزاج، مکہ کی روحانی فضاؤں میں ایک عجیب سکون بکھیر رہا تھا۔ قافلہ غارِ حرا کی زیارت کے لیے روانہ ہوا۔ حضرت مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دل میں ایک عجیب سی محبت اور شفقت چھپی ہوئی تھی، جو ان کے ہر عمل سے ظاہر ہو رہی تھی۔

پہاڑی راستے پہ چڑھائی کرتے ہوئے حضرت علامہ کامل سہسرامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا سانس ذرا پھولنے لگا۔ غارِ حرا قریب آرہا تھا، لیکن پہاڑ کی بلندیاں اور تنگ راستے آزمائش کا سامان کر رہے تھے۔ سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مسکراتے ہوئے ان کی طرف دیکھا اور ہنستے ہوئے فرمایا:

”کامل میاں، یہ راستہ آپ کے لیے تھوڑا دشوار ہوگا۔ لگتا ہے کہ آپ کا لاج کی مشقت پیٹ کے گرد جمع ہوگئی ہے!“

یہ جملہ سن کر حضرت علامہ کامل میاں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی ہنس پڑے اور بولے، ”حضرت، یہ تو میرا ہمزاد ہے، اسے کہاں چھوڑ سکتا ہوں؟“

مفتی اعظم ہند نے مسکراتے ہوئے ایک تجویز دی: ”بھئی، ایک کام کریں، سانس اوپر کھینچ کر پیٹ کو تھوڑا اندر کرلیں، غار شریف میں داخل ہونا آسان ہوجائے گا!“

قافلے کے تمام لوگ ان کی بات پہ مسکرا اٹھے۔ یہ ہنسی محض ہنسی نہیں تھی؛ یہ ایک بے مثال شفقت اور بھائی چارے کا مظہر تھا، جو اس وقت کے بزرگانِ دین کی طبیعت کا خاصہ تھا۔

حضرت علامہ کامل سہسرامی نے جوں ہی ان کی بات پہ عمل کیا، تو واقعی راستہ ذرا آسان محسوس ہوا۔ غارِ حرا پہنچنے کے بعد وہ منظر دیکھنے والا تھا۔ وہاں کی پرسکون خاموشی اور روحانی عظمت نے سب کے دلوں کو منور کردیا۔ ہر شخص اپنے دل کی گہرائی سے ذکر و دعا میں مشغول ہوگیا۔

حضرت علامہ کامل سہسرامی نے سرکار مفتی اعظم کی طرف دیکھا اور زیرِ لب مسکراتے ہوئے کہا، ”حضرت، آپ کی تجویز نہ ہوتی، تو شاید یہ سعادت نہ مل پاتی۔“

مفتی اعظم ہند نے محبت بھرے لہجے میں جواب دیا: ”کامل میاں، راستے کی مشقتیں تو منزل کی لذت بڑھا دیتی ہیں۔“

یہ لمحہ اس قافلے کے لیے نہ صرف حج کی یادگار بن گیا، بلکہ ایک درسِ محبت و اخوت بھی۔ غارِ حرا کی زیارت کے بعد یہ قافلہ جب واپس لوٹا، تو ہر فرد کی زبان پہ اس سفر کے روحانی اثرات کا ذکر تھا، اور دلوں میں مفتی اعظم ہند کی شفقت و حکمت کے چرچے تھے۔

یوں یہ واقعہ، جو ایک ہنسی مذاق سے شروع ہوا، ایک سبق آموز اور یادگار تجربے میں ڈھل گیا، جس نے محبت، خلوص اور دین کی سربلندی کا پیغام دیا۔

حضرت قاری ظفیر الدین رضوی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کا ایک اور اہم پہلو آپ کی دعوت و تبلیغ کی مساعی ہیں۔ آپ نے اپنے وقت کے بدعقیدہ نظریات کا علمی و عملی رد پیش کیا اور عوام کو دینِ اسلام کی صحیح تعلیمات سے روشناس کرایا۔ آپ کے بیانات میں اہل سنت و جماعت کے عقائد و نظریات کی بھرپور نمائندگی ہوتی تھی۔

ایک یادگار واقعہ:

قاری صاحب بعد نمازِ جمعہ حسب معمول اپنے حجرے میں تشریف فرما تھے کہ ایک صاحب آئے۔ ان کی آنکھوں میں التجا تھی اور لہجے میں عجز۔ انہوں نے قاری صاحب سے عرض کیا:

”حضور! ہمارے علاقے میں کوئی دینی مدرسہ نہیں ہے۔ یہ خالص انصاری برادری کا علاقہ ہے اور وہاں دین کے کام کی سخت ضرورت ہے۔ شاید ان صاحب کو کسی سے اس بات کا علم ہوگیا تھا کہ موصوف کا تعلق انصاری برادری سے ہے۔“ آپ وہاں کے لوگوں کی مذہبی رہنمائی کے لیے ایک دینی مدرسے کی تشکیل کی منصوبہ بندی فرمایئے قاری صاحب یہ جملہ سن کر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے گویا ہوئے:

”بھائی! دین کا کام ذات یا برادری کا محتاج نہیں۔ یہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے پیغام کو عام کرنے کا کام ہے۔ ہم مسلک اعلیٰ حضرت کے خادم ہیں محبت رسول ﷺ مسلک اعلیٰ حضرت کا تعارف ہے اگر تمہارے دل میں اخلاص ہے تو ہم مسلکِ اعلیٰ حضرت کی وفاداری کی بنیاد پہ تمہارے ساتھ ہیں۔“

یہ جملہ سن کر وہ صاحب بے اختیار قاری صاحب کے قدموں میں گر پڑے اور کہا:

”حضور! ہمیں آپ جیسے رہنما کی ضرورت تھی۔ ہم آپ کا پیغام اپنے علاقے میں لے کر جائیں گے۔“

حضرت قاری ظفیر الدین رضوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی حیات کے آخری لمحات تک دین کی خدمت کی۔ ان کے انتقال کے بعد بھی ان کے نیازمندوں اور چاہنے والے ان کی یاد زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا مشن، ان کا پیغام اور ان کی بے باکی آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

